Rampur State Gazette

EXTRAORDINARY.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵۵ } مطبوعہ روز یکشنبہ بتاریخ ۱۰ر شعبان المعظم سنہ ۱۳۵۴ھ مطابق ۱۷ر نومبر سنہ ۱۹۳۵ء { جلد ۳۴

غیر معمولی گزٹ

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

(۱) روبکار بسلسلۂ انتخاب ممبران کمیٹی واضع قوانین ۔ ۲

(۲) رہائی پانچکس قیدیان بسلسلۂ جشن سالگرہ ہمایون 〃

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

روبکار :-　　واقع ۹ نومبر ۱۹۳۵ء

کاغذات مسلکہ ملاحظہ ہوئے ۔ حسب صراحت عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر بسلسلۂ انتخاب ممبران کمیٹی واضع قوانین منصلۂ ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں

(۱) دو امیدواران خان بہادر فدا علی خان صاحب و شیخ احمد صاحب کے ووٹ برابر آئے ہیں ۔ اس لئے ایک ممبر کا انتخاب صحیح نہیں ہوا ہے ۔ ضرورت ہے کہ حسب دفعہ (۱) "قواعد انتخاب" ایک ممبر مسلمان کی نامزدگی اجلاس ہمایوں سے عمل میں آئے ۔ لہذا متذکرۂ صدر امیدواران میں سے خان بہادر فدا علی خان صاحب کو نامزد کیا جاتا ہے

(۲) تحت دفعہ ۵ ضمن الف تین افسران مصرحۂ تحت کو بطور ممبران کمیٹی واضع قوانین نامزد کیا جاتا ہے

(۱) اسٹیٹ ایڈوکیٹ

(۲) مسٹر عبدالرؤف صاحب چیف انجینئر بہادر

(۳) مولوی عطاء الحق صاحب مجسٹریٹ

(۳) تحت ضمن (ب) دفعہ مذکور دیہاتی رقبہ سے حسب ذیل اشخاص کو بطور ممبران کمیٹی واضع قوانین مقرر کیا جاتا ہے

(۱) حکیم عبدالعزیز	ٹانڈہ
(۲) لالہ مداری لال	بلاسپور
(۳) بابو دیو کی نندن وکیل	ملک

حکم ہوا کہ

روبکار ہٰذا معہ کاغذات متعلقہ برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو ۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

حسب منشائے حکم ہمایوں سررشتہ ہٰذا سے احکام مندرجہ بالا جاری ہوں حکم ہمایوں کی ایک نقل غیر معمولی گزٹ میں شائع کیجائے

۱۰ نومبر ۱۹۳۵ء　　دستخط فدا علی صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار :-　　واقع ۹ نومبر ۱۹۳۵ء

کاغذات مسلکہ ملاحظہ ہوئے حسب استدعائے صاحب چیف منسٹر بہادر بتقریب جشن سالگرہ ہمایوں بتبرم خسروانہ منصلۂ ذیل پانچ قیدیان کو معافی بقیہ قید جیل سے رہا کیا جانا منظور کیا جاتا ہے ۔

	تعداد قید	بقیہ قید
(۱) لاکھن سنگھ ولد بیجا سنگھ ساکن ضلع بجنور مجرم دفعہ (۳۲۵)	۳ سال	۸ ماہ ۱۹ یوم
(۲) امن ولد لکھن خیلی ساکن ضلع بلند شہر مجرم دفعہ ۳۰۴	حبس دوام	۷ سال ۵ ماہ ۲ یوم
(۳) اشتیاق احمد ولد لکھن شیخ محلہ... مجرم دفعہ ۳۰۴	۷ سال	۳ سال ۵ ماہ ۲۲ یوم
(۴) دوری ولد لودھی قوم لودھ ساکن ... مجرم دفعہ ۴۵۷ / ۳۸۰	۴ سال	۳ سال ۱ ماہ ۲۵ یوم
(۵) شاملا ولد گوپی چند ساکن ... تحصیل کوتوالی مجرم دفعہ ۳۰۱	۴ سال	۳ ماہ ۱۹ یوم

حکم ہوا کہ

روبکار ہٰذا معہ کاغذات متعلقہ برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو ۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے　　دستخط بندگان عالی دام اقبالہم

اصل کاغذات برائے تعمیل صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر جیل کی خدمت میں فی الفور مرسل ہوں ۔ حکم ہمایوں کی ایک نقل سررشتے کی کے غیر معمولی گزٹ میں درج ہونے کے لئے بھیجی جائے ۱۰ نومبر ۱۹۳۵ء　　دستخط فدا علی صاحب چیف منسٹر بہادر